26254- طواف افاضہ کا آخری وقت

سوال

طواف افاضہ کا آخری وقت کب ختم ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

کمزور وناتواں اشخاص اور جوان کے حکم میں آتے ہیں ان کے لیے طواف افاضہ کا ابتدائی وقت عید کی نصف رات بیت جانے کے بعد شروع ہوتا ہے ، اور اس کی انتہاء کا کوئی وقت محدد نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ حاجی حسب استطاعت طواف افاضہ جلد کرلے ، لیکن اس میں بھی اسے اپنا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ ایسا وقت تلاش کرے جس میں رش کم ہو تاکہ نہ تو وہ خود تکلیف اٹھائے اور نہ ہی کسی دوسرے کو تکلیف دے .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .